مجلہ : قافلہ الادب الاسلامی (عربی ، اردو)

ششماهی ج/۶، ش ۱/۴ جولائی ۲۰۰۴ء تا جون ۲۰۰۵ء

مدیر : حافظ فضل الرحیم

ناشر : عالمی رابطہ ادب اسلامی جامعہ اشرفیہ لاہور

قیمت وصفحات : ۱۰۰ روپے فی شمارہ۔ ۱۵۶ صفحات

علامہ اقبال کے حوالہ سے مذکورہ دوشماروں میں اردو، عربی، فارسی میں مضامین شایع کئے گئے ہیں۔
جسمیں ڈاکٹر محمود الحسن عارف کا عمدہ مضمون علامہ اقبال اور سنت نبویؐ ڈاکٹر عبداللہ کا قرآن اور اقبال مغرب پرستوں پر اقبال کی تنقید ڈاکٹر میاں عبدالغنی کے اچھی علمی مضامین ہیں
ڈاکٹر انعام الحق کوثر صاحب، جن کی کتب پر تبصرے ومضامین ہمارے مجلہ میں شامل ہوتے رہے ہیں دوسرے شمارہ میں ڈاکٹر انعام الحق کی اقبالیات کے حوالہ سے خدمات پر بہترین مقالہ ہے دومضامین عربی میں ہیں یہ بہترین علمی کاوش ہے۔

کتاب کا نام : الفرق بین الفرق

مصنف : ابومنصور عبدالقاہر بن طاہر بن محمد البغدادی ۴۲۹ھ
مترجم پروفیسر علی محسن صدیقی

ناشر : قرطاس پوسٹ بکس نمبر 8453 کراچی یونیورسٹی ۲۰۰۵
فون نمبر 03009245853

قیمت وصفحات : ۳۷۰ روپے صفحات ۵۵۵

ہمارے مجلہ کے قارئین پروفیسر ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر چیئر مین شعبہ اسلامی تاریخ جامعہ کراچی کے نام وعلمی خدمات سے واقف ہیں پہلے بھی محترمہ کی شاندار خدمات کا تعارف ہمارے مجلہ میں ملاحظہ کر چکے ہیں۔
اس دور میں صحیح الفکر علم دوست خواتین آٹے میں نمک کے برابر ہیں بغیر کسی جاہ طلبی وخودنمائی کے مسلسل علمی خدمات میں مصروف ہیں بیشمار نایاب علمی کتب آپ کے قائم کردہ ادارہ قرطاس سے شایع ہوچکی ہیں ان کتب میں سے ایک اہم ترین کتاب کا ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔
کتاب کا بنیادی موضوع علم کلام اور تاریخ فرق ہے۔ فروغ اسلام کے ساتھ ہی ارتدادی افکار